SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release

**December 12, 2018**

**غیر منافع بخش اداروں کے لئے اینٹی منی لانڈرنگ کی ذمہ داریوں پر آگہی سیشن**

اسلام آباد(12 دسمبر)۔ پاکستان فلانتھر پی سینٹر نے اسلام آباد کے ریجنل ٹیکس آفس میں اینٹی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے سلسلے میں غیر منافع بخش اداروں اور این جی اوز کے فرائض اور ذمہ داریوں کے بارے میں آگہی فراہم کے لئے سیمینار منعقد کیا۔ اس سیمینار میں ملکی و بین الاقوامین این جی اوز اور سماجی شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔

ایس ای سی پی کے ایک سینئر افسر نے شرکاء کو غیر منافع بخش اداروں کو اینٹی منی لانڈرنگ کے قانون اور ریگولیٹری فریم ورک کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا گیا اور این جی اوز کو بتایا گیا کہ اس سلسلے میں انہیں کس قسم کی احتیاط کرنی ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے غیر منافع بخش تنظیموں کے لئے منی لانڈرنگ/دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کی متعلق کئے گئے انضباطی اقدامات پر روشنی ڈالی۔ مزید برآں شرکاء کو بتایا گیا کہ گائیڈلائنز کے اجرا کے ذریعے ایس ای سی پی نے کوشش کی ہے کہ منی لانڈرنگ کے انسداد اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کو اس انداز میں کیسے یقینی بنانا ہے کہ غیر منافع بخش تنظیموں کا بنیادی کام متاثر نہ ہو۔

نیکٹا کے ماہرین نے شرکاء کو نیکٹا کی جانب سے ملک میں دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کے ضمن میں کئے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی ۔ انہوں نے دیگر سٹیک ہولڈرز اور اتھارٹیز کے تعاون سے ایف اے ٹی ایف کی سفارش نمبر 8 پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لئے نیکٹا کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کی بھی وضاحت کی۔ ایف بی آر کے سینئر افسران نے اختتامی کلمات میں سیمینار کے انعقاد کو سراہا۔

ایس ای سی پی کی جانب سے اس طرح کے سیمیناروں کا مقصد غیر منافع بخش شعبے میں کام کرنے والے اداروں کو فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کے سفارشات اور ان پر عمل درآمد کے لئے کئے گئے اقدامات اور ایس ای سی پی کے ریگولیٹری فریم ورک سے آگہی فراہم کرنا ہے تاکہ منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف موثر اقدامات کئے جاسکیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005